الورقۃ الاولیٰ: العقائد والکلام

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی سے دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ... عقائد نسفیہ

سوال نمبر1:۔ (الف) حقائق اشیاء کے متعلق درست عقیدہ اور سوفسطائیہ کے تین گروہوں کے نظریات تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) علم کے تین اسباب صحیح حواس، سچی خبر اور عقل کی وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر2:۔ (الف) کلام کی دو قسمیں لفظی و نفسی کی وضاحت کریں۔ ۱۵

(ب) امام المسلمین اور اس کی ذمہ داری بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3:۔ (الف) شرائط خلافت تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) امامت اور قریشیت کے بارے میں اسلامی نظریہ لکھیں۔ ۱۰

حصہ دوم ... الحق المبین

سوال نمبر4:۔ (الف) قرآن حکیم سے تعظیم رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر دلائل پیش کریں۔ ۱۵

(ب) تکفیر مسلمین کے حوالے سے اہل سنت کا نظریہ بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر5:۔ (الف) افضلیت و اصالت مصطفویہ پر مضمون لکھیں۔ ۱۵

(ب) کسی کلام میں ننانوے وجوہ کفر اور ایک اسلام کی ہو تو اس بارے درست موقف کیا ہے؟ ۱۰

سوال نمبر6:۔ (الف) اشیا کے وقوع سے پہلے اللہ تعالیٰ کے علم کے بارے میں عقیدہ تفصیل سے بیان کریں۔ ۱۵

(ب) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کفر ہے۔ الحق المبین کی روشنی میں وضاحت کریں۔ ۱۰

الورقة الثانية: الميراث

نوٹ: چوتھا سوال لازمی ہے باقی سوالات میں سے کوئی سے دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔(الف) موانع ارث کتنے اور کون کون سے ہیں وضاحت کریں۔ ١٥

(ب) تداخل، تماثل اور تباین کی تعریف کریں۔ ١٥

سوال نمبر 2:۔(الف) شوہر کی کل کتنی اور کون کون سی حالتین ہیں وضاحت سے لکھیں۔ ١٥

(ب) عصبہ بنفسہ کی تعریف کرتے ہوئے بالترتیب اس کے افراد بیان کریں۔ ١٥

سوال نمبر 4:۔(الف) علم فرائض کے ''نصف العلم'' ہونے کی تین وجوہ بیان کریں۔ ١٥

(ب) علم فرائض کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں۔ ١٥

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے چار مسائل حل کریں۔ ٤٠

(الف) شوہر بھائی بھائی بہن

(ب) بیوی بیٹا بیٹا بیٹی

(ج) باپ بھائی بہن

(د) بھائی بہن بہن

(ھ) شوہر بیٹا باپ

(و) دادا بھائی بہن

الورقة الثالثة: الفقه

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر1:- لایحل للرجل أن یتزوج بأمه ولا جداته من قبل الرجال والنساء.

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۵+۵=۱۰)

(ب) ام اور جدۃ کی حرمت کی دلیل بیان کریں۔ (۵+۵=۱۰)

ومن مسته امرأة بشهوة حرمت علیه أمها وابنتها.

(ج) مذکورہ مسئلہ میں احناف و شوافع کا اختلاف بالدلائل ذکر کریں۔ (۱۴)

سوال نمبر2:- نکاح المتعة باطل.

(الف) متعہ کی تعریف کریں نیز کس امام کے نزدیک جائز ہے؟ (۶+۶=۱۲)

(ب) ہمارے نزدیک متعہ کا ناسخ کیا ہے؟ (۱۰)

(ج) وابن عباس صح رجوعه إلی قولهم سے صاحب ہدایۃ کیا بتانا چاہتے ہیں؟ (۱۱)

سوال نمبر3:- وإذا تزوجت امرأة ونقصت عن مهر مثلها فللأولیاء الاعتراض علیها حتی یتم لها مهر مثلها أو یفارقها.

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) اختلاف ائمہ احناف مع دلیل بیان کریں۔ (۱۳)

سوال نمبر4 (الف) مہر مثل کیا ہوتا ہے نیز مہر مثل میں کن کن عورتوں کے مہر کا لحاظ رکھا جاتا ہے؟ (۵+۱۰=۱۵)

وإذا فرق القاضی بین الزوجین فی النکاح الفاسد قبل الدخول فلا مهر لها.

(ب) نکاح فاسد کی کوئی ایک صورت بیان کریں۔ (۹)

(ج) مذکورہ عبارت کی علت ہدایۃ کی روشنی میں لکھیں۔ (۹)

الورقة الرابعة: الحدیث-۱

نوٹ: ہر حصہ سے دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول...مسند امام اعظم

سوال نمبر1:۔ قال فأخبرنی عن الساعة متی هی قال ما المسئول عنها بأعلم من السائل۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۱۰=۵+۵)

(ب) کیا نبی کریم ﷺ کو قیامت کا علم نہیں؟ قرآن وسنت کی روشنی میں بیان کریں۔ (۱۵)

سوال نمبر2: فقال النبی ﷺ الحمد لله الذی أنقذبی نسمة من النار۔

(الف) مذکور حدیث کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ یہ ارشاد آپ ﷺ نے کس موقع پر فرمایا؟ (۱۵=۱۰+۵)

عن جابر أن رسول الله ﷺ قال أمرت أن أقاتل الناس حتی یقولوا لا إله إلا الله فإذا قالوها عصموا منی دماءهم وأموالهم إلا بحقها وحسابهم علی الله تبارك وتعالیٰ۔

(ب) إلا بحقها سے کیا مراد ہے؟ (۱۰)

سوال نمبر3:۔ قال اعملوا فکل میسر لما خلق له۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۱۰=۵+۵)

(ب) مذکورہ ارشاد کس موقع پر فرمایا گیا؟ تحریر کریں۔ (۱۵)

حصہ دوم...آثار السنن

سوال نمبر4:۔ کان رسول الله ﷺ یسبح علی الراحلة قبل أی وجه توجه ویوتر علیها غیر أنه لا یصلی علیها المکتوبة۔

(الف) اعراب لگاتے ہوئے ترجمہ کریں۔ (۱۰=۵+۵)

(ب) مذکورہ حدیث پاک کی تشریح کریں۔ (۱۵)

سوال نمبر5:۔ عن أبی هریرة قال قال رسول الله ﷺ أیما امرأة أصابت بخورا فلا تشهد معنا العشاء الآخرة۔

(الف) حدیث کا ترجمہ اور تشریح کریں۔ (۱۰=۵+۵)

(ب) امام کے پیچھے قراءت نہ کرنے کے حوالے سے کم وبیش تین احادیث بیان کریں۔ (۱۵)

سوال نمبر6 (الف) آمین بالجهر کے حوالے سے دو، دو احادیث ہر مؤقف پر تحریر کریں۔ (۱۰=۵+۵)

(ب) مطلق امین کہنے کی فضیلت بارے حدیث تحریر کریں۔ (۱۰)

(ج) آثار السنن کے مصنف کا نام لکھیں۔ (۵)

الوقت المحدد ثلاث ساعات
مجموع الارقام ۱۰۰
تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ
شہادۃ العالمیہ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ
(ایم اے عربی و اسلامیات) السنۃ الاولی
الاختبار السنوی ف۔۱۵/۵ للطالبات السنة ۱۴۴۲ھ

الورقة الخامسة: للمؤطئين

نوٹ: دونوں حصوں سے دو دو سوالات حل کریں۔

حصہ اول ... مؤطا امام مالك

سوال نمبر1:- ولیست العقیقة بواجبة ولکنها یستحب العمل بهاوهی من الأمر الذی لم یزل علیه الناس عندنا فمن عق عن ولده فإنما هی بمنزلة النسك والضحایا۔

(الف) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگائیں اور با محاورہ ترجمہ کریں۔ ۱۵

(ب) احناف کے نزدیک عقیقہ کا کیا حکم ہے؟ ۱۰

سوال نمبر2:- قالت عائشة وذلك بعد ان ضرب علینا الحجاب وقالت عائشة یحرم من الرضاعة مایحرم من الولادة.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور با محاورہ ترجمہ کریں۔ ۱۵

(ب) حدیث مذکور کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مکمل حدیث کا مفہوم واضح ہوجائے۔ ۱۰

سوال نمبر3:- فأخذت بذلك عائشة أم المؤمنین فی من کانت تحب أن یدخل علیها من الرجال فکانت تأمر أختها أم کلثوم بنت أبی بکر وبنات أخیها أن یرضعن من أحبت أن یدخل علیها من الرجال.

(الف) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۱۵ =۱۰+۵)

(ب) بذلك سے کونسی دلیل مراد ہے؟ تحریر کریں۔ نیز رضاعت کبیر میں ازواج مطہرات کا کیا نظریہ تھا؟ ۱۰

حصہ دوم ... مؤطا امام محمد

سوال نمبر4:- والعشاء مابینك وبین ثلث اللیل فإن نمت إلی نصف اللیل فلا نامت عیناك وصل الصبح بغلس.

(الف) حدیث مذکور پر اعراب لگا کر با محاورہ ترجمہ کریں۔ (۱۵ =۱۰+۵)

(ب) وقت عصر کے شروع ہونے میں صاحبین کا کیا اختلاف ہے؟ نیز وصل الصبح بغلس کس کا استدلال ہے؟ اور اس بارے میں امام صاحب کیا فرماتے ہیں؟ ۱۰

سوال نمبر5:- فقال أتعجبین یا ابنة أختی قالت قلت نعم قال إن رسول الله ﷺ قال إنها لیست بنجس إنها من الطوافین علیکم والطوافات.

(الف) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ (۱۵ =۱۰+۵)

(ب) بلی کے جھوٹے کے بارے میں احناف کیا کہتے ہیں؟ وجہ حکم بھی تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6:- قال محمد بلغنا عن عمر بن الخطاب أنه کتب فی الآفاق ینهاهم أن یجمعوا بین الصلوتین ویخبرهم أن الجمع بین الصلوتین فی وقت واحد کبیر من الکبائر۔

(الف) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ کونسی جمع بین الصلوتین کبیرہ گناہ سے ہے؟ ۱۵

(ب) جمع بین الصلوتین کی جمع حقیقی کہاں اور کن نمازوں میں ہوگی؟ اور جمع صوری کس کو کہتے ہیں؟ ۱۰

الورقة السادسة: أصول الحديث

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:- (الف) ضرورت حدیث و حجیت حدیث پر جامع نوٹ لکھیں۔ ۲۰

(ب) تدوین حدیث پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ ۲۰

سوال نمبر 2:- (الف) درج ذیل میں سے صرف تین کی تعریفات بیان کریں۔ ۱۵

صحیح لذاته صحیح لغیره حسن لذاته حسن لغيره، ضعيف

(ب) کتب حدیث کی پانچ اقسام کی تعریفات تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:- (الف) درج ذیل میں سے صرف تین کی تعریفات لکھیں۔ ۱۵

طالب شيخ حافظ حجة حاكم

(ب) احادیث سے ثابت ہونے والے امور کی تفصیل لکھیں۔ ۱۵

سوال نمبر 4:- (الف) امام اعظم رحمہ اللہ کا فن حدیث میں مقام بیان کریں۔ ۱۵

(ب) امام طحاوی کا تعارف اور شرح معانی الآثار کی خصوصیات بیان کریں۔ ۱۵=۱۰+۵